الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

خزینۂ رحمت

درود شریف کی فضیلت اور فائدے



درود پبلیکیشنز

تصنیف خادم درود احمد منظور

خزینہ ءِ رحمت

تصنیف

خادمِ درود احمد منظور (منگریو)

درود پبلیکشنز 2022ع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب کا نام: خزینہ ء رحمت

تصنیف: خادمِ درود احمد منظور (منگریو)

عربی کمپوزنگ: وقار احمد مغل، حیدرآباد

اردو کمپوزنگ: وقار احمد مغل، حیدرآباد

ٹائٹل: علی رضا

تعداد: ایک ہزار

تاریخ اشاعت: مارچ 2022ع

ناشر: درود پبلیکشنز

پرنٹنگ: شاہ ولایت پرنٹنگ پریس، نیا پل حیدرآباد۔

0312-4767005

قیمت: 500/=

کتاب ہذا گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں

احمد منظور منگریو، کال اور واٹس ایپ نمبر: 0306-8299864

منسوب

میں اپنی یہ کتاب

پنجتن پاک

کو منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں

حضرتُ مُحمّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۂِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

حضرتُ علیؑ عَلَیۂِ السَّلَامُ

حضرتُ سیّدہ فَاطِمَۃُ الزَّہرا سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیۂَا

حضرتُ اِمامِ حسنٌ عَلَیۂِ السَّلَامُ

حضرتُ اِمامِ حُسینٌ عَلَیۂِ السَّلَامُ

خادم درود احمد منظور

کی سوشل میڈیا پر درود پاک

کے حوالے سے خدمات

فیس بک گروپ

درود شریف سے مشکلات کا حل

درود شریف سب وظائف کا سر دار ہے

یوٹیوب چینلKhadim-e-Durood

اور واٹس ایپ پر مرد اور خواتین کے ہمارے دو الگ الگ گروپس ہیں۔ جن میں ابھی تک الحمدللہ دس ارب سے زیادہ درود پاک پڑھا جاچکا ہے۔

ان گروپس میں شامل ہونے کے لیے خادم درود احمد منظور سے اس واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں۔

0306-8299864

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
.1	درود پاک پڑھنے کا حکم	26
.2	313 خاص عدد	33
.3	اس کتاب کو پڑھنے کا طریقہ اور فائدہ	34
.4	حمدِ باری تعالیٰ	35
.5	نعتِ مصطفیٰ ﷺ	36
.6	درودِ ابراہیمی	37
.7	حدیثِ مرسل سے ثابت درود	38
.8	درودِ اہلبیت	40
.9	درودِ سید المرسلین	40
.10	درودِ مغفرت	41
.11	اسی سال کے گناہ معاف	42
.12	درودِ شفاعت	43
.13	درودِ خیر البریہ	44
.14	درودِ صدقہ	45
.15	درودِ اویسیہ	46

.16	درودِ فتح	47
.17	درودِ تسخیر قلوب	48
.18	درودِ قبیصہ	50
.19	درودِ حفاظت	51
.20	درودِ جمالی	52
.21	درودِ مصطفیٰ ﷺ	52
.22	بخار اور پیاس کی شدت کم کرنے کے لیے	53
.23	درودِ ساجدین	54
.24	دل کی گھبراہٹ کے لیے	55
.25	تمام مشکلات دور کرنے والا درود	56
.26	درودِ شفاء	57
.27	ستر فرشتوں کو مشقت میں ڈال دینے والا درود	58
.28	درودِ اولین	59
.29	درودِ ہزارہ	61
.30	درودِ شہنشاہی	62
.31	درودِ مزمل	63
.32	آنکھوں کی روشنی کے لیے نسخہ کیمیاء	64
.33	درودِ ودود	65

34.	درودِ نور قلب	66
35.	درودِ نور ذاتی	67
36.	درود مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم	68
37.	درودِ وصال	69
38.	درود شیخ احمد بدری رحمۃ اللہ علیہ	70
39.	درودِ سیدہ فاطمۃ الزہرا	71
40.	درود حل المشکلات	72
41.	درود موسیٰ کلیم اللہ	73
42.	درود سیدنا عبد اللہ بن عباس ؓ	74
43.	درود عارف باللہ عبد اللہ بن محمد الہاروشی رحمۃ اللہ علیہ	75
44.	ایک لاکھ درود کے برابر	76
45.	درود شیخ شہاب مصطفیٰ الاسکندری رحمۃ اللہ علیہ	77
46.	درودِ کمالی	78
47.	درودِ سید مرتضیٰ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ	79
48.	درود شیخ محمد بن رافعی رحمۃ اللہ علیہ	80
49.	درود شیخ عبد اللہ بن عمر باعلوی رحمۃ اللہ علیہ	81
50.	درود نجات مصائب	82
51.	درود شیخ السیدی صغیر بن میار رحمۃ اللہ علیہ	83

.52	درود امام یوسف بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ	84
.53	درود محمد ہاشم سندھی رحمۃ اللہ علیہ	85
.54	درود دجال الغیب	86
.55	شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے	87
.56	درودِ ناریہ	88
.57	درودِ خضری	89
.58	درود محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ	90
.59	درودِ انعام	92
.60	صلوٰۃ البرّ	93
.61	درودِ سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ	94
.62	درود الامی	95
.63	درود کرم	95
.64	درودِ دیدارِ مصطفیٰ ﷺ	96
.65	درودِ تاج	97
.66	درودِ اخلاص	100
.67	درودِ نور	102
.68	درودِ قرآنی	103
.69	6لاکھ درود شریف کا ثواب	103

.70	درودِ محمدی ﷺ	104
.71	درود محمد و آل محمد	104
.72	درود مشکل کشا	105
.73	درودِ خاص	105
.74	درودِ مختصر	106
.75	درودِ طاہر	106
.76	درودِ فاتح	107
.77	درود اولی العزم	108
.78	درودِ حمد	109
.79	درودِ رحمت	109
.80	درودِ نایاب	110
.81	درودِ اسم اعظم	110
.82	ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے	111
.83	درودِ حاجت	111
.84	درود مستجاب الدعوات	112
.85	درودِ نجاتِ غم	112
.86	درودِ مشاہدہ	113
.87	درودِ نصرت	113

.88	درودِ محبتِ رسول ﷺ	114
.89	درودِ حبیب ﷺ	115
.90	درودِ دوا	116
.91	حصول اولاد کے لیے انمول درود	117
.92	کامیابی کے لیے درود	118
.93	غیبی مدد کے لیے درود	119
.94	دل کے بند وال کھولنے کے لیے درود	119
.95	درودِ طیب	120
.96	بیماریوں سے حفاظت کے لیے درود	121
.97	درودِ کرامت	122
.98	حالات بدل دینے والا درود	122
.99	درودِ نگاہِ کریمی	123
.100	درود اول	123
.101	درودِ تسخیر	124
.102	غیبی اسباب پیدا کرنے والا درود	125
.103	درودِ ابدال	125
.104	زندگی آسان بنانے والا درود	126
.105	درودِ کروڑی	126

.106	ایک باکمال درود	129
.107	درودِ حصار	130
.108	درود بحر الکمال	131
.109	درودِ کریم	132
.110	ایک ہزار رکعت نفل کے ثواب والا درود	133
.111	درودِ نسبت	134
.112	دشمن کے شر سے حفاظت	135
.113	درودِ حاجت	135
.114	حج کے ثواب والا درود	136
.115	مفلسی و تندرستی سے نجات کے لیے	137
.116	قرب رسول کے لیے درود	137
.117	دنیا و آخرت کی بھلائی کے لیے درود	138
.118	دلی مراد حاصل کرنے کے لیے درود	138
.119	عزت و عظمت کے لیے درود	140
.120	حصول مقصد کے لیے درود	141
.121	حاجات کے لیے اکسیر درود	142
.122	صحابہ کا پسندیدہ درود	143
.123	درودِ کبریاء	143

.124	پیران پیر کا پسندیدہ درود	144
.125	اولاد کی عزت کے لیے درود	145
.126	درود	146
.127	جنت کا خاص میوہ اس درود پڑھنے والوں کے لیے	147
.128	عزیز و اقارب کی شفاعت والا درود	148
.129	تمام مخلوق کے برابر درود	149
.130	تمام اوقات میں درود	149
.131	عرش عظیم کے برابر ثواب والا درود	150
.132	رزق میں برکت کے لیے درود	151
.133	درود قصیدہ بردہ شریف	151
.134	درود اول و آخر	152
.135	درودِ مجتبیٰ	152
.136	درود تعلق	153
.137	درودِ کشف	153
.138	درود حصولِ رحمت	154
.139	درود قطب	155
.140	درود دوامی	156
.141	درود الزاہدین	157

.142	درودِ بشارت	157
.143	درودِ حفاظت	158
.144	درود برکاتِ کثیرہ	159
.145	درود فقری	159
.146	اولاد کی کامیابی کے لیے درود	160
.147	درود سکون قلب	160
.148	امتحان میں کامیابی کے لیے درود	161
.149	درودِ جامع	161
.150	درودِ ناصر	162
.151	درودِ نقشبندیہ	162
.152	درود غوثیہ	163
.153	درود انعام	164
.154	درود چشتیہ	164
.155	درود شازلی	165
.156	درود لا محدود	165
.157	درود حضوری	166
.158	درود نجاتِ وبا	166
.159	درود سعادت	167

.160	درود سریع الاثر	167
.161	درود اولین	168
.162	درود دوامی	168
.163	درودِ کمالیہ	169
.164	درود گیارہ ہزاری	169
.165	درود ہزاری	170
.166	درود افضل	170
.167	درود مبارک	171
.168	درود اہل بیت	171
.169	درود دافع نار	172
.170	درود حسنات	172
.171	درود قلبی	173
.172	درود الاقطاب	173
.173	درود کوثر	174
.174	درود اعلیٰ	175
.175	درود شافی	175
.176	مشہور ترین درود	176
.177	درود دوا	176

.178	نایاب تحفہ	177
.179	درود غوثیہ	177
.180	درود عروج	178
.181	درود محبتِ الٰہی	178
.182	درود لافانی	179
.183	درود مفتاح الخیر	179
.184	درود خاتم المرسلین	180
.185	درود رحمت	180
.186	درود مقدس	181
.187	درود اکرم	186
.188	درود فاضل	186
.189	درود اولیٰ	190
.190	درود حسب نسب	190
.191	درود حبیب اللہ	191
.192	درود خلق عظیم	191
.193	درود مقامِ محمود	192
.194	درود رحمتِ عالم	192
.195	درود سید	193

.196	درود سید الکونین	194
.197	درود صاحب السجود	194
.198	درود شفاعت الکبریٰ	195
.199	درود کوثر	195
.200	درود مدینہ	196
.201	درود مشاہدہ	196
.202	درود تجلیات	197
.203	درود فیض	197
.204	درود مفتاح الجنت	198
.205	درود انوار	198
.206	درود تابعین	198
.207	حاجات پوری کروانے والا درود	199
.208	شفاعت واجب کروانے والا درود	199
.209	ایمان پر خاتمہ دلانے والا درود	200
.210	مسجد میں آتے جاتے وقت درود	200
.211	درزخ سے نجات دلانے والا درود	201
.212	قرض سے نجات دلانے والا درود	201
.213	ایمان کی حفاظت کے لیے درود	202

214.	دعائے قنوت کے بعد درود	202
215.	جنت میں اپنی جگہ دکھانے والا درود	202
216.	دس ہزار کے برابر درود	203
217.	ستر ہزار فرشتوں کا استغفار	203
218.	تمام درودوں کے برابر	204
219.	قبر میں راحت کے لیے	204
220.	ہر درد کی دوا	205
221.	مغفرت کا ذریعہ	205
222.	مال میں اضافے کے لیے	206
223.	دنیا و آخرت کی برکت کے لیے	206
224.	چہرے کو چمکانے والا درود	207
225.	پسندیدہ رشتے کے لیے	207
226.	بلڈ پریشر اور دل کی گھبراہٹ کے لیے	208
227.	سستی کاہلی اور نا امید سے نجات	208
228.	قرض سے نجات کے لیے درود	209
229.	دشواری دور کرنے کے لیے	209
230.	احادیثِ مبارکہ سے ثابت شدہ 40 درود و سلام	210
231.	کاروبار میں برکت کے لیے درود	226

232.	ہر کام میں کامیابی کے لیے درود	227
233.	حصول عزت کے لیے درود	227
234.	ذاتی گھر کے حصول کے لیے درود	228
235.	پریشانی سے نجات کے لیے درود	228
236.	درودِ حسنیٰ	229
237.	روزگار میں ترقی کے لیے درود	229
238.	روحانی ترقی کے لیے درود	230
239.	زہر کا اثر زائل کرنے کے لیے درود	230
240.	بُری عادت سے چھٹکارا پانے کے لیے درود	231
241.	حاجات کے لیے درود	231
242.	بیداری میں دیدارِ مصطفیٰ ﷺ کے لیے	232
243.	حضور ﷺ کی خوشنودی کے لیے درود	233
244.	تمام حاجات کے لیے درود	233
245.	دینی ودنیاوی حاجات کے لیے درود	234
246.	کھیتی باڑی وباغات کی حفاظت کے لیے درود	234
247.	وبائی امراض سے حفاظت کے لیے درود	235
248.	فتوحات غیبی حاصل کے لیے درود	235

.249	تمام مشکلات کے حل کے لیے درود	236
.250	درود قدسی	236
.251	صلوٰۃ الحاجات	237
.252	ولی بنادینے والا درود	237
.253	آگ سے حفاظت کے لیے درود	238
.254	مقدمے میں کامیابی کے لیے درود	238
.255	صلوٰۃ مقبول الرسول	239
.256	عزت وبزرگی کے لیے درود	239
.257	درود دوامی	240
.258	بچھو کاٹ لے تو یہ درود پڑھیں	240
.259	مشکل سے نجات کے لیے درود	241
.260	غیبت کا علاج	241
.261	طالب علموں کے لیے تحفہ	242
.262	دستِ غیب کے لیے درود	243
.263	مختصر مگر جامع درود	243
.264	حصول روزگار کے لیے درود	244
.265	حضور ﷺ کا پسندیدہ درود	245

.266	بارش کے وقت یہ درود پڑھیں	245
.267	دل کی کدورتیں ختم کرنے والا درود	246
.268	تنہائی میں ڈر سے نجات کے لیے درود	246
.269	درود خواتین	247
.270	اولاد کی اصلاح کے لیے	247
.271	درودِ نبوت	248
.272	درود ایمان ویقین	248
.273	درودِ امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ	249
.274	درود اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	250
.275	درودِ جبریل علیہ السلام	250
.276	درود حضرت آدم علیہ السلام	251
.277	درودِ اولیاء	251
.278	انتہائی خاص تحفہ	252
.279	درودِ پدمی	253
.280	درود اور دعا	255

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡاَنۡبِیَاءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحٰبِکَ اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنَ

آج ماہ رجب 2022 کی پہلی شب ہے میں اللہ رب العزت کی عطا سے خصوصی فضل و کرم سے آج درود شریف کے موضوع پر چھٹی کتاب لکھنے کی شروعات کی عظیم سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

تمام تعریفیں اس کریم ذات کے لیے جو ساری کائنات کو سنبھالنے والا ہے ساری مخلوق کو پالنے والا ہے۔ سب کی مشکلیں ٹالنے والا ہے۔ وہ اللہ سبحان ہے ہر قسم کی کمی سے کوتاہی سے کمزوری سے پاک ہے۔

وہ اللہ "کریم" ہے سب پر اس کا کرم ہے سب جاندار اس کے کرم سے پلتے ہیں ساری کائنات کے نظام اس کے کرم سے چلتے ہیں۔

وہ اللہ "رزاق" ہے ساری مخلوق کو کھلاتا ہے پلاتا ہے سب کو صبح خالی پیٹ اٹھاتا ہے اور سب کے پیٹ بھر کے سلاتا ہے۔

وہ اللہ "غنی" ہے اس کے خزانوں میں کسی بھی چیز کی کوئی کمی نہیں اس کے خزانے بھرپور تھے، بھرپور ہیں اور ہمیشہ بھرپور رہیں گے۔

وہ اللہ "صمد" ہے سب سے بے نیاز ہے اسے کسی کی کوئی ضرورت نہیں وہ جب کوئی کام کرنے کا فیصلہ کر لے تو پوری کائنات مل کر بھی اسے روک نہیں سکتی۔ وہ کسی کام کو روک دے تو پوری کائنات مل کر بھی وہ کام نہیں کر سکتی۔

وہ اللہ سب کو کھلاتا ہے مگر خود کھانے سے پاک ہے۔ سب کو سلاتا ہے پر خود نہیں سوتا۔ وہ اللہ سب کو پیدا فرماتا ہے لیکن اسے کسی نے پیدا نہیں کیا۔ وہ اللہ سب کو بیوی بچے عطا کرتا ہے لیکن خود بیوی بچوں سے پاک ہے۔

رب کائنات نے قرآن پاک میں اپنے بندوں سے اپنا تعارف کرواتے ہوئے فرمایا۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○

آپ کہہ دیجئے وہ اللہ اکیلا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ اس کی کوئی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے۔

وَاللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ یعنی سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

قرآن پاک میں مالک کائنات نے جگہ جگہ اپنی رحمت کا بیان فرمایا ہے۔

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (سورۃ الانعام۔52)

ترجمہ: تمہارے رب نے اپنے اوپر رحمت کا معاملہ لازم کرلیا ہے۔

رَبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ (سورۃ الانعام۔147)

ترجمہ: تمہارا رب وسیع رحمت کا مالک ہے۔

وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (سورۃ الاعراف۔155)

ترجمہ: میری رحمت ہر چیز سے وسیع ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ (سورۃ الکہف۔58)

ترجمہ: تمہارا رب بہت بخشنے والا بڑی رحمت والا ہے۔

قرآن مجید میں فرشتوں کا یہ قول بھی نقل ہوا ہے۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا (سورۃ الغافر۔7)

ترجمہ: اے ہمارے رب تیری رحمت ہر چیز پر بھاری ہے۔

اور قرآن مجید میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا قول بھی نقل ہوا ہے جب ان کے بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کی تلاش میں نکلے تو ان کو فرمایا۔

لَا تَيْاَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ۔ (یوسف۔87)

ترجمہ: اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو جاؤ۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے گناہ گار بندوں کو مخاطب کر کے بڑے پیار بھرے انداز میں ارشاد فرمایا۔

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِہِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○

(اے میرے حبیب) تم فرماؤ کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے

اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں لکھ دیا ہے۔

اِنَّ رَحْمَتِیْ تَغْلِبُ غَضَبِیْ (مسلم)

میری رحمت میرے غضب پر غالب رہتی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنی ساری مخلوق سے بے نیاز ہے لیکن پھر بھی اپنی ساری مخلوق سے پیار کرتا ہے بالخصوص اللہ تعالیٰ انسانوں سے بہت پیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ انسانوں سے کتنا پیار کرتا ہے اس کا اندازہ ذرا اس آیت سے لگالیں۔ قرآن پاک میں رب کائنات نے تمام انسانوں سے خطاب فرمایا۔

یٰٓاَیُّہَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ (سورۃ الانفطار 6)

اے انسان تجھے کس چیز نے اپنے کریم رب سے غافل کر دیا۔

مجھے قرآن پاک کی یہ آیت سب سے خوب صورت لگتی ہے مجھے یہ آیت رلا دیتی ہے کہ رب نے کتنے پیار سے انسانوں کو آگاہ فرمایا کہ اے میرے بندوں میں تمہارا رب ہوں اور میں بہت کریم ہوں تو کس چیز نے تمہیں مجھ سے غافل کر دیا ہے مجھ سے دور کر دیا ہے۔

دوستو! اللہ پاک انسانوں سے پیار فرماتا ہے اس لیے ہی اللہ تعالیٰ انسانوں کی اصلاح کے لیے انبیاء کرام بھیجتا رہا۔

انسانوں نے اللہ کے بھیجے ہوئے نبیوں کو جھٹلایا۔ انہیں طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائیں۔ پھر بھی اللہ نبی بھیجتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی انسانوں کی اصلاح اور آگاہی کے لیے مبعوث فرمائے۔

پھر آخر میں اپنے پیارے حبیب اپنے پیارے محبوب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امام الانبیاء بنا کر، سید المرسلین بنا کر، رحمۃ للعالمین بنا کر زمین پر مبعوث فرمایا۔

اے میرے حبیب آپ جا کر میرے بندوں کو بتائیں کہ میں ساری مخلوق کا خالق و مالک ہوں میرے بندوں تک میرا یہ پیغام پہنچائیں کہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** اللہ کے سوا کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

سوہنے سرور مدنی منور رحمت کے پیکر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ربِ کائنات نے اخلاق باکمال دے کر، حسن بے مثال دے کر پیدا فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڑے سلیقے سے انسانوں تک یہ پیغام پہنچایا کہ اللہ کے سوا کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں اور میں اللہ کا آخری رسول ہوں۔

یہ تفصیل میں نے اس لیے لکھی ہے کہ آپ لوگوں کو پوری بات سمجھ میں آجائے کہ اللہ پاک نے ہمیں درود پاک پڑھنے کا حکم کیوں دیا ہے۔

درود پاک پڑھنے کا حکم

ویسے تو درود پاک ازلی عمل ہے کیونکہ درود خود خالق کائنات اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجتا ہے اور جب کچھ بھی نہ تھا لیکن اللہ تعالیٰ تھا تو درود جاری تھا۔ اور درود پاک ابدی عمل ہے جب سب کچھ فنا ہو جائے گا مخلوق کا وجود مٹ جائے گا تب بھی درود پاک جاری رہے گا کیونکہ درود پاک بھیجنے والا رب فنا سے پاک ہے۔

اور اگر بات کی جائے انسانی تاریخ اور درود پاک کی تو درود پاک پڑھنے کی شروعات حضرت آدم علیہ السلام سے ہو چکی تھی۔

روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت حوا کے حق مہر میں نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دس بار درود پاک پڑھا تھا۔

پھر بعد میں آنے والے نبیوں نے بھی اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لیے اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھا ہے۔

پہلے نبیوں کی امت کو درود پاک پڑھنے کا باقاعدہ حکم نہیں دیا گیا لیکن جب امت محمدی کی باری آئی تو اللہ پاک نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (الاحزاب: 56)

اے ایمان والو تم بھی نبی پر درود و سلام بھیجو

اس آیت کے پہلے الفاظ ہیں **اِنَّ اللّٰهَ** بے شک اپنے نبی پر درود بھیجتا ہے۔

لفظ **صَلُّوْنَ** کا مطلب ہے اللہ ہر وقت اپنے حبیب پر درود بھیجتا رہتا ہے اور ہمیشہ بھیجتا رہے گا۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جس ہستی پر خود خدا درود بھیجتا ہے اسے ہمارے درود کی کیا ضرورت۔۔؟ ظاہری بات ہے جس پر خالق کائنات مالک الملک درود پاک

بھیجتا ہے اسے ہمارے درود کی کوئی ضرورت نہیں۔ پھر ہمیں درود پاک پڑھنے کا حکم کیوں دیا گیا۔۔؟

یہاں بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ویسے تو انسانوں سے پیار ہے لیکن امت محمدی سے اللہ تعالیٰ کو خاص الخاص پیار ہے اس لیے اللہ پاک نے اس امت کو درود پاک پڑھنے کا حکم دیا کہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھیں۔ درود پاک کے بدلے میں ان پر اپنی رحمتیں نازل کروں، ان کے گناہ بخشوں، ان کے درجات بلند کروں۔

اللہ پاک نے درود پاک پڑھنے کا حکم دیا اور اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو درود شریف کی فضیلت، برکت، عظمت اور اہمیت سے آگاہ کیا۔ کہ اے میرے امتیو تم مجھ پر درود پاک پڑھا کرو۔ ایک درود کے بدلے اللہ تعالیٰ تم پر اپنی دس رحمتیں نازل فرماتا ہے تمہارے دس گناہ معاف فرماتا ہے اور تمہارے دس درجات بلند فرماتا ہے۔

درود پاک کی اتنی زیادہ اہمیت ہے کہ نماز میں بھی درود پاک کو لازم قرار دیا گیا ہے۔ فضائل درود میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بے شمار فرمان موجود ہیں ایک محدث نے لکھا ہے کہ مجھے احادیث مبارکہ میں سب سے زیادہ احادیث درود پاک کے متعلق ملیں۔

جب پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درود پاک کے اتنے زیادہ فضائل بتائے تو صحابہ کرام واہل بیت اطہار نے کثرت سے درود پاک پڑھنا شروع کر دیا۔

اور پھر اولیاء کاملین وصوفیائے صالحین نے اپنی زندگیوں میں درود پاک کو بطور خاص ورد رکھا۔ بڑے بڑے اولیاء کرام جن میں شیخ عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا نام بھی شامل ہے ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ اللہ کے کامل بندے روزانہ دس دس ہزار مرتبہ درود پاک پڑھا کرتے تھے۔ ایک ولی اللہ کا فرمان ہے ہمیں جو کچھ ملا درود پاک کی بدولت ملا۔

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ظاہری حیاتِ طیبہ میں مختلف صحابہ کو مختلف درود پاک کے مختلف صیغے سکھائے جن میں درودِ ابراہیمی بھی شامل ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ظاہری حیات میں درود پاک کے اور بھی الفاظ سکھائے جو کہ احادیثِ مبارکہ کی مختلف کتابوں میں موجود ہیں جن میں درود مغفرت، درود صدقہ، درود شفاعت، وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

مختلف صحابہ کرام سے مختلف صیغے درود پاک کے صیغے منسوب ہیں۔

حضرت علی، حضرت ابن عباس، بی بی فاطمہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے درود پاک کے مختلف الفاظ ثابت ہیں۔

جو درود پاک کے صیغے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ظاہری حیات میں سکھائے ان کو درود کے ماثورہ صیغے کہا جاتا ہے۔

اور جو درود پاک کے صیغے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اولیاء کاملین کو خواب وغیرہ میں سکھائے ان کو درود غیر کے غیر ماثورہ صیغے کہا جاتا ہے۔ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے تحقیق مجھے ہی دیکھا۔

اس لیے درود پاک کے وہ صیغے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی کو خواب میں آکر سکھائے انہیں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور درود پاک کے کچھ ایسے صیغے بھی نہیں جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ درود ایک بار پڑھنے سے ایک ہزار یا دس ہزار یا ایک کروڑ درود پاک کا ثواب ملتا ہے تو ایسے بہت سے صیغوں کے حوالے سے ایسے واقعات ملتے ہیں کہ بزرگان دین نے جب خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایسے درود پاک کے حوالے سے معلوم کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں یہ سچ اور صحیح ہے۔

میرا اپنا عقیدہ بھی یہی ہے کہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مختلف پیارے پیارے الفاظ میں درود و سلام کا تحفہ بھیجنا چاہیے اس طرح زیادہ فیض ملتا ہے زیادہ سکون و سرور ملتا ہے۔

میں اس کتاب میں ایسے بہت سے درود پاک لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں جو مستند ہیں مقبول ہیں۔

اکثر بزرگان دین کا فرمان ہے کہ روزانہ اگر کم سے کم 313 مرتبہ درود پاک پڑھا جائے تو یہ کثرت میں شمار ہوتا ہے۔ اور 313 کے عدد کو درود پاک سے ایک خاص نسبت حاصل ہے۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے میں اپنی اس کتاب میں ٹوٹل 313 درود پاک لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں کہ کوئی بھی مسلمان اگر روزانہ اس کتاب میں لکھے ہوئے سارے درود پاک ایک ایک مرتبہ بھی پڑھ لے تو اس کی 313 کی تعداد پوری ہو جائے گی۔

اور درود شریف کے یہ صیغے میں درود پاک کی مشہور مقبول و مسند کتابوں سے لکھ رہا ہوں جن میں علامہ عبد الرحمٰن سخاوی کی کتاب "القول البدیع" شیخ عبد السلام القضاعی کی کتاب "فضائل درود و سلام" شیخ الاسلام احمد بن محمد ابی بکر القسطلانی کی کتاب "مسالک الحنفا" محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی کی کتاب "ذریعۃ الوصول فی الجناب رسول" وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

اللہ پاک میری اس کوشش و کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے میں نے یہ کتاب اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا کے لیے لکھی ہے اور امت محمدی کی خیر و بھلائی کی نیت سے لکھی ہے۔ درود شریف رحمتوں کا خزانہ ہے، درود شریف برکتوں کا خزانہ ہے، درود شریف فیض کا خزانہ ہے، درود شریف دنیا و آخرت کا خزانہ ہے۔ میں

نے اللہ تعالیٰ کے کرم سے چن چن کر درود پاک کے انمول موتیوں، انمول ہیروں کا خزانہ اس کتاب میں اکٹھا کیا ہے۔

اللہ پاک مجھے میرے والدین کو میرے عزیز واقارب کو میرے دوستوں کو اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دل کی گہرائیوں سے درود پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اور اللہ پاک ہم سب کو دنیا و آخرت میں درود پاک کی رحمتیں و برکتیں عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

رحمتوں کا برکتوں کا خزانہ ہے درود
بخشش کا بھلائیوں کا بہانہ ہے درود

خادم درود احمد منظور (منگریو)
گوٹھ انور خان نظامانی نزد ماتلی سندھ
رابطہ نمبر 0306-8299864

313 خاص عدد

313 کا اثر ایک خاص تاثیر رکھتا ہے۔

جہاں پر بھی 313 کا عدد آیا وہاں خاص بھلائی نظر آتی ہے۔

اللہ تعالیٰ سوالاکھ نبیوں میں سے 313 کو رسول بنایا۔

جنگ بدر میں صحابہ کرام کی کل تعداد 313 تھی جنہوں نے ایک ہزار کفار کو مار بھگایا۔

حضرت طالوت علیہ السلام کے لشکر میں 313 بندے تھے جنہوں نے جالوت کے بڑے لشکر کو شکست دی۔

بزرگان دین کا فرمان ہے کہ درود شریف کو 313 کے عدد سے خاص نسبت حاصل ہے اس لیے اکثر بزرگانِ دین اپنے مریدوں کو 313 مرتبہ درود پڑھنے کی تلقین فرماتے رہے ہیں۔

اکثر حدیثوں میں کثرت سے درود پاک پڑھنے کے بڑے فضائل بتائے گئے ہیں حضرت علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ سمیت کئی بزرگوں کا فرمان ہے کہ 313 مرتبہ درود پڑھنے والے کا نام کثرت سے درود پاک پڑھنے والوں کی لسٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔

اس کتاب کو پڑھنے کا طریقہ اور فائدہ

الحمد للہ ! میں نے اس کتاب میں ٹوٹل 313 درود پاک لکھے ہیں۔ ممکن ہو تو روزانہ نہیں تو کم از کم ہر جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات یہ سارے درود ایک ایک مرتبہ ضرور پڑھیں۔

میں اللہ کی رحمت اور درود پاک کی برکت کو مدِ نظر رکھ کر یہ الفاظ لکھ رہا ہوں کہ جو کوئی مسلمان مرد یا عورت یہ سارے درود پاک پڑھے اسے دین و دنیا کی بے شمار رحمتیں، برکتیں اور نعمتیں حاصل ہوں گی۔ جائز حاجات پوری ہوں گی، مشکلات و پریشانیوں سے، بیماریوں سے جادو جنات، نظر بد سمیت تمام بُرے اثرات سے نجات ملے گی۔ جس گھر میں یہ کتاب پڑھی جائے گی اس گھر میں خیر و برکت ہو گی وہ گھرانہ ہمیشہ خوش حال رہے گا۔ ان شاء اللہ

پڑھنے کا طریقہ: باوضو باادب بیٹھ کر پوری توجہ اور تعظیم کے ساتھ یہ سارے درود پڑھ کر پنجتن پاک یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم، حضرت سیدہ بی بی فاطمہ سلام اللہ علیہا، حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہدیہ کریں پھر سچے دل سے اللہ رب العزت سے دعا مانگیں۔

آخری میں ایک مرتبہ یہ الفاظ ضرور کہیں۔

"یا اللہ تیرا شکر ہے تو نے مجھے درود پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی۔"

حمدِ باری تعالیٰ

کوئی مثل نہیں مثال نہیں
تیری ذات کو کوئی زوال نہیں

تیری قدرت اور کمالات بنا
کائنات میں کوئی کمال نہیں

جگہ جگہ تیرے جلوے ہیں
بن تیرے جگ میں جمال نہیں

جو تیرے در کے منگتے ہیں
وہ غیر سے کرتے سوال نہیں

تیرے کرم بنا اے کریم خدا
ہم بندوں کا کوئی حال نہیں

نعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

دربارِ محمد سا کوئی در نہیں دیکھا
اس در کے غلاموں سا سکندر نہیں دیکھا
اس در پہ جو بھی آیا وہ خالی نہیں لوٹا
اس در کا بھکاری کبھی در در نہیں دیکھا
ہے رحمتِ عالم کی سخاوت کا یہ عالم
ایسا تو سخی سچ میں سمندر نہیں دیکھا
آتا ہے جو بھی مانگنے والا اسی در پر
اس مانگنے والے کو کوئی ڈر نہیں دیکھا
کرتے ہیں عطا آقا اوقات سے زیادہ
محمد کا سخاوت میں ہمسر نہیں دیکھا
آتے ہیں جو اس در پہ مانگنے "احمد"
بدلہ نہ ہو ان کا مقدر نہیں دیکھا

درود نمبر 1

درودِ ابراہیمی

صحیح بخاری میں حضرت عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے فرمایا کیا میں تجھے ایک تحفہ دوں؟ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف فرما ہوئے ہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ تو ہمیں معلوم ہے کہ ہم آپ پر کن الفاظ میں سلام بھیجا کریں یعنی ہم **اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ** تشہد میں پڑھا کرتے ہیں لیکن آپ پر درود کس طرح پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بہت سے اولیاء کرام، صلف صالحین، علمائے کرام نے اس درود پاک کو سب سے افضل درود کہا ہے یہ درود "درود ابراہیمی" کے نام سے مشہور ہے اس درود پاک کی

فضیلت کی وجہ سے اسے نماز میں بھی شامل کیا گیا ہے۔ نماز کے علاوہ بھی درود ابراہیمی کا کثرت سے ورد کرنا بے شمار برکتوں اور بھلائیوں کا باعث ہے۔

جو شخص رات کو عشاء کی نماز کے بعد 100 مرتبہ روزانہ درود ابراہیمی پڑھا کرے اس کی تمام جائز و نیک حاجات اللہ کے حکم سے اس درود پاک کی برکت سے خود بخود پوری ہوتی رہتی ہیں۔

درود نمبر 2

حدیثِ مرسل سے ثابت درود

ابن بشکوال نے "کتاب القربۃ الی رب العالمین با الصلوٰۃ علیٰ محمد سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" میں حضرت زید بن امام زین العابدین بن حسین سے انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت امام حسین سے انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (درود شریف کے) ان الفاظ کو اپنی انگلیوں سے شمار کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جبریل علیہ السلام نے ان کلمات کو میرے ہاتھ میں شمار کیا اور جبریل علیہ السلام نے کہا یہ کلمات اسی طرح نازل ہوئے ہیں اللہ رب العالمین کے پاس سے۔

وہ درود یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ تَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا رَحَّمْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ تَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَحَنَّنْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا سَلَّمْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

خزینۂ رحمت

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

درود نمبر 3

درودِ اہلبیت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو پورا پورا ثواب حاصل کرنا چاہتا ہے وہ ہمارے اہلبیت پر اس طرح درود پڑھے۔ (ابوداؤد جلد اول کتاب الصلوٰۃ علی النبی۔ 969)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیّٰتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

درود نمبر 4

درودِ سید المرسلین

ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول نقل ہے کہ جب تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھا کرو تو اچھی طرح پڑھا کرو تمہیں کیا پتا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ لوگوں نے کہا ہمیں سکھا دیجیے فرمایا اس طرح پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ

الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ ط اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

يَّغْبِطُهُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

درود نمبر 5

درودِ مغفرت

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا ہے تو کھڑے ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے۔

(حوالہ: افضل الصلوٰت علیٰ سید السادات، الصلاۃ الحادیۃ عشرہ صفحہ 65)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ

فائدہ: اس درود شریف کے بے شمار فوائد ہیں قرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ درود روزانہ نماز ظہر کے بعد 100 مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

درود نمبر 6

اسی سال کے گناہ معاف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن نمازِ عصر کے بعد جائے نماز سے اٹھنے سے پہلے 80 مرتبہ یہ درود پڑھے گا اس کے 80 سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور 80 سال کی عبادت کا ثواب ملے گا۔ (القول البدیع جلد اول۔ صفحہ 199)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا




درود نمبر 7

درودِ شفاعت

امام طبرانی وغیرہ نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درود پاک پڑھے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

فائدہ: بزرگان دین کا فرمان ہے جو شخص ہر نماز کے بعد دس مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اسے حیرت انگیز فوائد حاصل ہوتے ہیں۔



درود نمبر 8

درودِ خیر البریہ

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "القول البدیع" میں یہ روایت بیان کی ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر کوئی یہ حلف اٹھائے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر افضل درود بھیجوں گا تو وہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ

وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیّٰتِهٖ وَسَلِّمْ

عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمٰتِكَ

فائدہ: اس درود کو ان درودوں میں شمار کیا جاتا ہے جنہیں مشائخ عظام نے افضل درود قرار دیا ہے۔ جو شخص یہ درود کثرت سے پڑھے گا وہ ہمیشہ تندرست و توانا رہے گا۔ اس کا دل ہمیشہ عبادتِ الٰہی کی طرف متوجہ رہے گا جو شخص ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اسے سکون قلب سے نواز دے گا۔

درود نمبر 9

درودِ صدقہ

حضرت ابو سعید خذری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس صدقہ دینے کے لیے مال نہ ہو وہ دعا میں یہ درود پاک پڑھا کرے۔

تفسیر روح البیان میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اس کا مال بڑھ جائے تو وہ یہ درود پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ

فائدہ: بزرگان دین کا فرمان ہے جو شخص ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ یہ درود پڑھے اللہ تعالیٰ اسے کشادہ رزق عطا فرماتا ہے۔



درود نمبر 10

درودِ اویسیہ

درود پاک کے مقبول صیغوں میں سے ایک مقبول صیغا درود اویسیہ بھی ہے
حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھے یہ درود میرے والد صاحب نے سکھایا جب مجھے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی میں نے یہ درود پڑھا رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس درود کو پسند فرمایا۔
جو شخص مشکلات و مسائل کا شکار ہے وہ روزانہ 313 مرتبہ درود اویسیہ پڑھنا اپنا معمول بنالے توان شاء اللہ، اللہ کی رحمت سے درود پاک کی برکت سے اسے مسائل و مشکلات سے نجات مل جائے گی۔

ذاتی گھر کے حصول کے لیے جمعہ کی نماز کے بعد 300 مرتبہ درود اویسیہ پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

درود نمبر 11

درودِ فتح

یہ درود شریف پڑھنا تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سنت ہے۔
صحابہ کرام جب بھی پیارے نبی رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے تو ان الفاظ میں سلام عرض کیا کرتے تھے۔ یہ بات دلائل سے ثابت شدہ ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث رحمتہ اللہ علیہ کتاب "الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ صفحہ 124) پر لکھتے ہیں کہ جو شخص خشوع وخضوع کے ساتھ اس درود کا پڑھنا اپنے اوپر لازم کرلے تو اس کی برکت وصفائی کا وہ خود مشاہدہ کرے گا۔ اور چودہ سو اولیاء اللہ کی ولایت سے حصہ پائے گا۔ حضرت علامہ سید اسماعیل حقی رحمتہ اللہ علیہ نے تفسیر روح البیان میں لکھا ہے کہ یہ درود فتح ہے۔

آپ نے ہر جائز مقصد کے لیے درود فتح پڑھنے کا طریقہ بھی بتایا ہے آپ فرماتے ہیں علمائے کرام نے لکھا ہے جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے سامنے تشریف فرما سمجھ کر اور خود کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر

سمجھ کر بڑے ادب واحترام کے ساتھ ہر فرض نماز کے بعد 40 مرتبہ درود فتح پڑھ کر دعا کرے تو ان شاء اللہ مراد حاصل ہو گی۔ (تفسیر روح البیان صفحہ 236)

درود فتح یہ ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

درود نمبر 12

درودِ تسخیر قلوب

یہ درود عظیم قوت تسخیر کا حامل ہے۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ یہ درود بطور وظیفہ پڑھتا رہے تو اللہ کے حکم سے اس درود پاک کی برکت سے اسے عوام الناس میں مقبولیت حاصل ہو گی اہل اقتدار کی آنکھوں کا تارا بن جائے گا۔ اور اگر کسی انٹرویو پر جانے سے پہلے 11 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر عطر گلاب پر دم کرکے چہرے پر ملے۔ تو ان شاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مَّقْرُوْنَۃً بِذِکْرِہٖ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً جَامِعَۃً بَیْنَ فَرَحِہٖ وَسُرُوْرِہٖ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مُّحِیْطَۃً بِطُوْرِہٖ وَصُوْرِہٖ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مُّنَوِّرَۃً لِّقُلُوْبِ اَصْحَابِ صُدُوْرِہٖ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً شَارِحَۃً لِّمَنْقُوْحِہٖ وَمَسْطُوْرِہٖ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَوْلِیَاءِ بِعَدَدِ

عُبُوْرِہٖ وَمُرُوْرِہٖ بَیْنَ الْمَآءِ وَطَھُوْرِہٖ وَالنُّوْرِ وَظَھُوْرِہٖ وَالْحَقِّ وَاُمُوْرِہٖ



درود نمبر 13

درودِ قبیصہ

یہ درود رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت قبیصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مخارق کو تعلیم فرمایا تھا کہ جو مسلمان اس درود پاک کو پڑھے گا اس کے لیے جنت کے چاروں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔ (قوۃ القلوب لابی طالب المکی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاهْدِنِىْ

مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَىَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَىَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ

وَاَنْزِلْ عَلَىَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ



درود نمبر 14

درودِ حفاظت

ذریعۃ الوصول میں ہے کہ اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرے تو اس کے دشمن وحاسدین اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔

صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهٖ

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ



درود نمبر 15

درودِ جمالی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

درود نمبر 16

درودِ مصطفٰی ﷺ

اگر کسی شدید قسم کی بیماری میں مبتلا مریض کے سرہانے اس درود شریف کو 100 مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے اللہ رب العزت سے دعا مانگی جائے تو رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے دعا قبول ہو گی اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یہ درود پاک پڑھا کرے تو وہ ذلت سے نکل کر عظمت میں آجائے گا۔ ان شاء اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی

وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ

درود نمبر 17

بخار اور پیاس کی شدت کم کرنے کے لیے

عارف باللہ حضرت شیخ عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود سلام پڑھنے سے پیاس کی شدت کم ہو جاتی ہے۔ حج کے سفر کے دوران پیاس کی شدت، بخار کی وجہ سے پیاس کی شدت، روزے میں پیاس کی شدت سے بچنے کے لیے اس درود شریف کو آزمایا گیا بہت سے لوگوں کو اس سے فائدہ ہوا۔ اور یہ درود شریف پڑھنے والا قیامت کے دن بھی پیاس سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْاَنَامِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ اِلَیْنَا بِالْحَقِّ الْمُبِیْنِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاُمِّیِّ الْاَمِیْنِ اَفْضَلِ

الصَّلٰوۃِ وَاَشْرَفُ التَّسْلِیْمَاتِ عَلَی النَّبِیِّ الصَّادِقِ وَالرَّسُوْلِ

الْمُؤَیِّدِ بِاَسْرَارِ الْحَقَائِقِ وَاَمْثَالِ ذَالِكَ

درود نمبر 18

درودِ ساجدین

مایوس ولا اعلاج مریض خود یا پھر کوئی اور اس کے لیے ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ اسی روز مریض کی طبیعت میں بہتری آجائے گی۔ مستقل شفاء کے لیے یہ درود روزانہ ایک ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھنا چاہیے، پیچیدہ امراض مثلاً کینسر، فالج، غدود، پتھری، دائمی سر درد، بواسیر اور اس کے علاوہ تمام جسمانی وروحانی بیماریوں کے لیے اس درود پاک کا کثرت سے ورد کرنا مجرب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السَّاجِدِیْنَ وَسَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ وَسَیِّدِ الْکَامِلِیْنَ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِیْنَ



درود نمبر 19

دل کی گھبراہٹ کے لیے

کتاب سعادۃ الدارین میں ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی مصیبت میں مبتلا ہو وہ اس درود شریف کا ورد کرے تو ان شاء اللہ مصیبت ٹل جائے گی۔

دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر سے نجات کے لیے روزانہ 313 مرتبہ یہ درود پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ اور آدھا کپ پانی پر دم کرکے پیئیں۔ ان شاء اللہ شفایاب ہوں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَب



درود نمبر 20

تمام مشکلات دور کرنے والا درود

بزرگان دین کا فرمان ہے کہ اگر پہاڑ جتنی مصیبت بھی ہو تو اس درود پاک پڑھنے سے رُوئی کی طرح اُڑ جائے گی۔ یہ عمل آزمودہ ہے۔

پہلے 11 مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

پھر 3 مرتبہ یہ پڑھیں۔

قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ يَا سَيِّدِيْ يَا مُسْتَنَدِيْ يَا مُعْتَمِدِيْ

اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ



درود نمبر 21

درودِ شفاء

"افضل الصلوٰۃ علیٰ سید السادات" میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف 11 مرتبہ پڑھ کر کسی بھی مریض پر دم کریں شفاء ہوگی۔ مریض کتنا ہی شدید بیمار کیوں نہ ہو۔ روحانی، جسمانی، قلبی بلکہ ہر لا علاج مرض کو دور کرنے کے لیے اس درود کا دم تجربہ شدہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَبِیْبِ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَائِمًا اَبَدًا اَبَدًا



درود نمبر 22

ستر فرشتوں کو مشقت میں ڈال دینے والا درود

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے درود کے یہ کلمات کہے۔

جَزَا اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ مَاھُوَ اَھْلُہٗ

تو ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے رہتے ہیں۔

فائدہ: اس درود پاک کے پڑھنے کے بے شمار فائدے ہیں خاص کر یہ کہ اس کے اعمال نامے میں نیکیوں کا بہت اضافہ ہوتا ہے۔



درود نمبر 23

درودِ اولین

محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرماتھے۔ ایک شخص آیا جس کا چہرہ نقاب میں لپٹا ہوا تھا۔ اس نے چہرے سے نقاب اٹھایا اور فصیح لہجہ عرب میں بولا۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَهْلَ الْعِزِّ الشَّامِخِ وَالْكَرَمِ الْبَاذِخِ۔

پھر وہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بیٹھ گیا۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس اعرابی کی طرف دیکھا اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے اسے میرے اور اپنے درمیان بٹھایا۔ حالانکہ روئے زمین پر میں کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جو مجھ سے بڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس اعرابی کے متعلق فرمایا۔ جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایسا درود پڑھتا ہے جیسا اس سے قبل کسی نے بھی نہیں پڑھا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آپ پر کن الفاظ کے ساتھ درود

پڑھتا ہے۔ ارشاد فرمایئے تا کہ میں بھی اس طرح پڑھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے ابو بکر یہ یوں کہتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا ثواب کیا ہے؟ آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابو بکر یقیناً تم نے مجھ سے وہ سوال کیا ہے کہ جس کو میں حصار میں نہیں لا سکتا۔ اگر سمندر روشنائی بن جائیں اور درخت قلم بن جائیں اور فرشتے اس کے ثواب کو تحریر کرنے لگ جائیں، روشنائی ختم ہو جائے، قلم ٹوٹ جائیں، تو پھر بھی فرشتے اس درود کے ثواب کی حدوں کو نہ چھو سکیں۔ (حوالہ: مالک الخفا۔ صفحہ 621)



درود نمبر 24

درودِ ہزارہ

درودِ ہزارہ اولیاء اللہ کے معمولات میں سے ہے۔ جو شخص ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ یہ درود پڑھا کرے وہ رنج و غم سے مشکلات و مسائل سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ

مصطفٰی جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ

درود نمبر 25

درودِ شہنشاہی

یہ درود پاک پڑھنے سے مغفرت کے دروازے کھلتے ہیں۔ بُرے خواب ختم اور اچھے خواب نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ درود پاک کامیابیوں کی کنجی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ

اِلَی الْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ

یَا صَاحِبَ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ



درود نمبر 26

درودِ مزمل

جو لوگ مایوس ہو چکے ہیں جن کو لگتا ہے دنیا میں ہمارا کوئی نہیں۔ جن لوگوں کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں وہ روزانہ کسی بھی ٹائم باوضو 313 مرتبہ درود مزمل پڑھنا شروع کر دیں 21 دنوں تک پڑھنے سے حالات بدل جائیں گے۔ ان شاءاللہ

جو لوگ چاہتے ہیں کہ ہمارا مقدر چمک جائے نصیب اچھا ہو جائے وہ درود مزمل سوالاکھ مرتبہ پڑھ لیں جتنے بھی دنوں میں سوالاکھ مکمل ہو لیکن پڑھنا باوضو ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ط بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصُ



درود نمبر 27

آنکھوں کی روشنی کے لیے نسخہ کیمیاء

اگر کسی کی آنکھوں میں تکلیف ہو، یا نظر کمزور ہو، تو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ درود پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر دے ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ

ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِىَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ

وَمَنْ شَقِىَ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَا غَايَةَ لَهَا

وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَاءَ صَلٰوتَكَ الَّتِىْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ

صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ كَذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

خزینہ رحمت

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

درود نمبر 28

درودِ ودود

یہ درود شریف جملہ حاجات کے لیے اور مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے بہت مفید ہے بزرگان دین کا فرمان ہے کہ جو شخص باوضو ہو کر روزانہ 100 مرتبہ یہ درود پڑھے اللہ تعالیٰ اسے کشادہ رزق عطا فرماتا ہے۔

يَاوَدُوْدُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ



درود نمبر 29

درودِ نور قلب

اس درود پاک کو خاص نورانیت حاصل ہے۔ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے سے اطمینان قلب اور عبادت میں خشوع ملتا ہے۔

ان مقاصد کے حصول کے لیے اس درود پاک کو نمازِ فجر کے وقت اور جمعہ کی رات کثرت سے پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَائِمٍ بِخَلْقِكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلَاةً يَّتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَتَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا



درود نمبر 30

درودِ نورِ ذاتی

شیخ سید احمد صادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ کا یہ درود کرب و بے قراری کو راحت و سکون میں بدلنے کا نسخہ اکسیر ہے۔ اور ایک لاکھ درودوں کی رحمت سے مالا مال ہے۔ مصائب و مشکلات سے نجات کے لیے 500 مرتبہ پڑھا جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ

وَالسِّرِّ السَّارِيْ فِيْ جَمِيْعِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ



درود نمبر 31

درود مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم

درود شریف کے یہ کلمات مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی جانب منسوب ہیں۔

جو شخص روزانہ 3 مرتبہ اور جمعہ کے دن 100 مرتبہ پڑھا کرے بروزِ قیامت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے اپنی رفاقت میں اس کا ہاتھ تھامے اسے جنت میں داخل فرمائیں گے۔

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَعَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ



درود نمبر32

درودِ وصال

حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرب اور نگاہ کرم حاصل کرنے کا یہ درود عظیم وسیلہ ہے۔ اس عظیم مقصد کے حصول کے لیے اس درود پاک کا کثرت سے ورد کرنا چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ صَلَاةً تَلِيْقُ بِجَمَالِهٖ وَجَلَالِهٖ وَكَمَالِهٖ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَذِقْنَا بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ لَذَّةَ وِصَالِهٖ



درود نمبر 33

درود شیخ احمد بدری رحمۃ اللہ علیہ

درود وسلام کے یہ کلمات حضرت شیخ سید احمد بدری رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں۔ آپ کے درود بے پناہ مقبول اور مؤثر ہیں۔ یہ درود شریف بے پناہ اسرار و معارف کا وسیلہ ہے۔ یہ درود عالمِ بیداری میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

ظاہری و باطنی طہارت کے ساتھ 40 دن تک روزانہ سو مرتبہ پڑھنا انوار و تجلیاتِ الٰہی کے لیے مجرب عمل ہے۔ یہ درود تین مرتبہ پڑھنے سے دلائل الخیرات پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّةِ وَلَمْحَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِیَّةِ وَاَفْضَلِ الْخَلِیْقَةِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَاَشْرَفِ الصُّوْرَةِ الْجِسْمَانِیَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَخَزَآئِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِیَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِیَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِیَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِیَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ

اَلنَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى

يَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا

درود نمبر 34

درودِ سیدہ فاطمۃ الزہرا

درود پاک کے یہ کلمات پاک نبی کی پاک بیٹی سیدہ طیبہ طاہرہ حضرت بی بی فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا کی جانب منسوب ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ رُوْحُهٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكَوْنِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عِبَادِ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

خزینہ رحمت

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

درود نمبر 35

درود حل المشکلات

یہ درود پاک شام کے مفتی شیخ حامد آفندی رحمۃ اللہ علیہ کو رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں سکھایا جب وہ کسی مصیبت میں مبتلا تھے۔ تو رحمت کائنات نے خواب میں اسے فرمایا کہ جب تو یہ درود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ تیری مشکل دور فرمائے گا مفتی حامد نے یہ درود پڑھا اور مصیبت سے نجات پائی۔ (حوالہ: جامع الصلوٰۃ صفحہ 22)

علامہ ابن عابدین شامی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک بڑے فتنہ کے وقت میں نے یہ درود پڑھنا شروع کیا ابھی 200 مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس فتنہ سے نجات عطا فرما دی۔

کسی بھی جائز حاجت و مقصد کے لیے کسی بھی قسم کی مصیبت، مشکلات، پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ درود پاک باوضو باادب توجہ و تعظیم کے ساتھ 313 مرتبہ پڑھنا اکسیر ہے۔ لیکن یہ درود پڑھتے وقت اپنی آنکھیں بند کر کے روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضری کا تصور رکھنا لازمی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

درود نمبر 36

درود موسیٰ کلیم اللہ

شیخ عبد اللہ بن محمد الخیاط الہاروشی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھنے کا حکم ملا تو آپ علیہ السلام نے ان کلمات میں درود پڑھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الْاَنْبِیَآءِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ وَمَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْکَوْنَیْنِ وَشَرَفِ الدَّارَیْنِ وَسَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ قَوْسَیْنِ



درود نمبر 37

درود سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

درود شریف کا یہ مقبول صیغا صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب منسوب ہے۔

صاحب "تہذیب الاذکار" نے اس درود شریف کے متعلق حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات یہ درود شریف دس مرتبہ پڑھا کرے گا اس کے لیے اللہ کی جانب سے دس لاکھ نیکیاں لکھ دی جائیں گی۔

اَللّٰھُمَّ یَادَائِمَ الْفَضْلِ عَلَی الْبَرِیَّۃِ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالْعَطِیَّۃِ یَا صَاحِبَ الْمَوَاھِبِ السَّنِیَّۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْوَرٰی سَجِیَّۃِ وَاغْفِرْ لَنَا یَا ذَا الْعُلٰی فِیْ ھٰذِہِ الْعَشِیَّۃِ



درود نمبر 38

درود عارف باللہ عبد اللہ
بن محمد الہاروشی رحمتہ اللہ علیہ

یہ درود شریف عارف باللہ حضرت عبد اللہ بن محمد الہاروشی رحمتہ اللہ علیہ کا ہے اس درود شریف کے متعلق آپ رحمتہ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ یہ درود ایک لاکھ سے بھی زیادہ درود کا ثواب رکھتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ



درود نمبر 39

ایک لاکھ درود کے برابر

یہ درود شریف بھی شیخ ہاروشی رحمۃ اللہ علیہ نے عظمت ونورِ ذاتِ باری جل جلالہ کے لیے کتاب "کنوز الاسرار" میں نقل کیا ہے۔ اس درود کے متعلق فرمایا ہے کہ اس درود پاک کے بے پناہ اسرار ورموز بندہ مومن پر ظاہر کیے جاتے ہیں۔ اس درود پاک کو روزانہ پڑھنے والا لازوال اجر کا مستحق ہوتا ہے۔ اس درود کا ثواب بھی ایک لاکھ درودوں کے برابر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ صَلَاۃً تَزِنُ الْاَرَضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ عَدَدَ فِیْ عِلْمِكَ وَعَدَدَ جَوَاھِرِ اَفْرَادِ کُرَّۃِ الْعَالِمِ وَاَضْعَافُ ذٰلِكَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ



درود نمبر 40

درود شیخ شہاب

مصطفیٰ الاسکندری رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود شریف ابو العباس احمد بن مصطفیٰ الصباع شہاب الاسکندری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پچاس سال تک حرمین شریف کی خدمت کا اعزاز پایا اس درود شریف کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کے فیوضات میرے قلب میں روشن کیے گئے۔ اور میں نے یہ درود حضور رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں پیش کر کے اجازت طلب کی تو آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (عالم منام میں) اس درود کو سن کر تبسم فرمایا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِخْوَانِهٖ وَآلِهٖ صَلَاةً وَّ سَلَامًا نَقْرَعُ بِهِمَا اَبْوَابَ جِنَانِكَ وَنَسْتَجْلِبُ بِهِمَا اَسْبَابَ رِضْوَانِكَ وَنُؤَدِّیْ بِهِمَا بَعْضَ حَقِّهٖ عَلَیْنَا بِفَضْلِكَ وَ اَحْسَانِكَ۔ اٰمِیْنَ

درود نمبر 41

درودِ کمالی

یہ درود شریف شیخ الشریف الحسینی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عطا فرمایا اور فرمایا یہ درود دس ہزار درود کے برابر ہے۔ اور النبی الامی کے الفاظ بڑھانے کی تلقین فرمائی۔ شیخ عبد الطاھر الحسینی کہتے ہیں مجھے اس درود شریف کے اتنے زیادہ ثواب پر شک ہوا، میں نے ایک رات خواب میں رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی اور اس درود شریف کے ثواب کے متعلق سوال کیا تو آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کا ثواب اتنا ہی ہے۔ یہ درود شریف اگر مغرب سے عشاء کے درمیان کثرت سے پڑھا جائے تو حافظے کی وقت عطا ہوتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْكَامِلِ

وَعَلٰى آلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ بِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ

درود نمبر 42

درودِ سید مرتضیٰ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ

ساعتوں کی قیود سے ماورا برکتیں لیے یہ درود سید محمد بن محمد الحسینی الزبیدی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ اس درود پاک کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ درود مجھے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے الہام ہوا اور جس جگہ اسے 100 مرتبہ پڑھا جائے وہ ملک محفوظ ہو جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِکُلِّ صَلَاۃٍ تُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی بِھَا عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ یُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی بِہٖ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِکُلِّ سَلَامٍ تُحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ یُحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ صَلَاۃً وَّ سَلَامًا دَائِمَیْنِ بِدَوَامِكَ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَةَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْاَ مَا عَلِمْتَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِكَ وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّکْرُ کَذٰلِكَ عَلٰی ذٰلِكَ فِیْ کُلِّ ذٰلِكَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاِخْوَانِہٖ

درود نمبر 43

درود شیخ محمد بن رافعی رحمتہ اللہ علیہ

یہ درود شریف حضرت شیخ محمد بن رافعی رحمتہ اللہ علیہ کی جانب منسوب ہے جو کہ حضرت امام یوسف نبھائی رحمتہ اللہ علیہ کے مرشد ہیں۔

اس درود پاک کے انوار کا عالم یہ ہے کہ حضرت سلمان الخانی نے ایک مرتبہ خواب میں ایک نور دیکھا جو اس درود پاک کے پڑھنے کے سبب ظاہر ہوا تھا اہل بیت نے اپنے وظائف میں اسے شامل رکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ صَلَاۃً الرِّضَا فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ تَعْظِیْمًا لِحَقِّہٖ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی سِوَاكَ وَاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ

(یہ درود پڑھنے والا آخر میں یہ کلمات پڑھے)

ھٰذِہِ الصَّلَاۃُ تَعْظِیْمًا لِّحَقِّكَ یَا مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

درود نمبر 44

درود شیخ عبد اللہ بن عمر باعلوی رحمۃ اللہ علیہ

حاجات و مرادوں کی تکمیل کے لیے حضرت عبد اللہ عمر باعلوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ درود مجرب ہے۔

آپ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔ اس درود کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ درود مجھے رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ کی جالیوں کے سامنے حاضری کے وقت آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے الہام کیا گیا۔ (حوالہ: افضل الصلوٰۃ صفحہ 25)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَھَبُ لَنَا بِھَا اَکْمَلَ الْمُرَادِ
وَفَوْقَ الْمُرَادِ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا وَدَارِ الْمَعَادِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ
وَسَلِّمْ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَةَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ

درود نمبر 45

درود نجات مصائب

مصائب سے نجات کا اثر رکھنے والا یہ درود امام یوسف نبھائی رحمۃ اللہ علیہ کو اس کے شیخ ابو حسن حلاوۃ الغزی نے عطا کیا۔ امام یوسف فرماتے ہیں کہ مجھے چند مصائب کا سامنا تھا اس درود کو پڑھنے کی برکت سے رب ذوالجلال نے ان مصائب سے نجات کی سبیل پیدا فرمادی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَبِیْبِ الْمَحْبُوْبِ شَافِی الْعِلَلِ وَمُفَرِّجِ الْکُرُوْبِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

مصطفٰی جان رحمت پہ لاکھوں سلام

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

درود نمبر 46

درود شیخ السیدی
صغیر بن میار رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود پاک حضرت شیخ صغیر بن میار رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا گیا ہے۔ اس درود کی فضیلت کے متعلق غلام شیخ محمد صالح رئیس زبیری زمزمی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن منیار کا قول نقل کیا ہے کہ یہ درود خلوص و محبت توجہ و حضوری کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھا جائے تو چالیس مرتبہ دلائل الخیرات پڑھنے کا ثواب عطا فرمایا جاتا ہے۔ صاحب "کنوز الاسرار" نے بھی یہی فضیلت نقل کی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیّٰتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِكَ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِكَ



درود نمبر 47

درود امام یوسف
بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود امام یوسف بن اسماعیل نبھائی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔اس کے متعلق آپ فرماتے ہیں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پڑھے جانے والے درودوں میں یہ جامع تر درود ہے۔اس کا ورد خاص تاثیر رکھتا ہے۔

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَتَسْلِيْمَاتِهٖ وَتَحِيَّاتِهٖ
وَبَرَكَاتِهٖ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ مَّا يُمَاثِلُ فَضْلَكَ الْعَظِيْمَ وَيُصَادِلُ قَدْرَكَ
الْعَظِيْمَ وَيَجْمَعُ لَكَ فَضَائِلَ جَمِيْعِ اَنْوَاعِ الصَّلَاةِ وَالتَّسْلِيْمِ



درود نمبر 48

درود محمد ہاشم سندھی رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود محمد ہاشم ٹھٹھوی نے مخدوم عمر مویرہ رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ سے نقل فرمایا۔ اور اس درود کے متعلق کہا کہ اس درود کے بے شمار فوائد میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا منکر نکیر کے جواب کو آسان بنادے گا اور بندہ عاجز نہ ہو گا۔

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجَلَّھَا وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَآئِجِیْ

كُلَّھَا وَصَلِّ عَلَیْہِ كَمَا اَنْتَ اَھْلُھَا وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَكَرِّمْ دَآئِمًا



درود نمبر 49

درود رجال الغیب

یہ درود شریف عظیم بزرگ حضرت سیدنا ابراہیم بن ادھم رحمۃ اللہ علیہ کو رجال الغیب آٹھ بجاء نے لفظاً لفظاً سکھایا اور یہ درود آپ کی زندگی کا معمول رہا حضرت ابراہیم بن ادھم وہ ولی اللہ ہیں جو بلغ کے بادشاہ تھے لیکن اللہ کی محبت کے حصول کے لیے بادشاہی چھوڑ کر فقیری اختیار کی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ جیسی بہت سی ہستیاں آپ کو "سیدنا" کہہ کر پکارتی تھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ مِلْءَ مَا خَلَقْتَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ مِلْءَ کُلِّ شَیْءٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ عَدَدَ مَا اَحْصَاہُ کِتَابُکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ مِلْءَ مَا اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ

درود نمبر 50

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے

یہ درود شیخ حموی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ اس کی فضیلت میں آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص شیطان کے وسوسے، نفس کے دھوکے اور خواہشات کے فتنہ سے نجات پانا چاہے وہ ہمیشہ یہ درود پاک پڑھتا رہے بفضل خدا شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُّفَرِّقِ فِرَقِ الْکُفْرِ وَالطُّغْیَانِ وَمُشَتِّتِ

بُغَاۃِ جُیُوْشِ الْقَرِیْنِ وَالشَّیْطَانِ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ



درود نمبر 51

درودِ ناریہ

درود ناریہ نہایت مجرب و سریح التاثیر درود ہے درود ناریہ اللہ کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ اس کا ورد خزانوں کی چابی ہے۔ اہل مغرب اسے صلاۃ الناریہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ آگ کی طرح سریع التاثیر ہے۔ اس درود شریف کو شیخ ابو سالم کی جانب منسوب کیا جاتا ہے۔ البتہ اس کی نسبت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب بھی ہے۔ امام دینوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ درود ناریہ پڑھے اللہ تعالیٰ اسے رزق کی کشادگی سے نواز دے گا۔

جو شخص نماز فجر کے بعد 41 مرتبہ پڑھے وہ جو طلب کرے گا پائے گا۔ جو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے وہ طلب سے بھی زیادہ پائے گا۔ جو روزانہ رسولوں کی تعداد یعنی 313 مرتبہ پڑھے اس پر اسرار و رموز منکشف ہوں گے۔ کسی عظیم کام کے لیے یا مصیبت سے نجات کے لیے اجتماعی طور پر ایک مجلس میں 4444 مرتبہ درود ناریہ پڑھ کر رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ کریمانہ کا وسیلہ پیش کر کے دعا کی جائے تو ان شاء اللہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ملے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ ط وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

درود نمبر 52

درودِ خضری

درود خضری مختصر مگر جامع درود ہے۔ یہ درود اللہ کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ یہ درود حضرت خضر علیہ السلام کی جانب منسوب ہے۔ ہر دور کے اکابرین کا معمول ہے باطن کی پاکیزگی، طلب معرفت و حضوری اور تربیتِ رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف حاصل کرنے کے لیے اور دین و دنیا کی چاہتوں، سعادتوں، رحمتوں وبرکتوں کے حصول کے لیے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر میاں محمد شرق پوری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ اقبال تک۔ اور علامہ اقبال سے لے کر آج تک ہر خانقاہ کے ولی کامل اس درود کے انوار سے اپنا اپنا حصہ لیتے آرہے ہیں۔

منقول ہے کہ خواجہ سید محمد امین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کو یہی درود تلقین فرمایا تھا۔

درود خضری روزانہ باوضو 313 مرتبہ پڑھنے والوں کو محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سکون قلب، رزق کی کشادگی سمیت بہت سے اعزاز وانعام ملتے ہیں۔

کسی بھی جائز مقصد وحاجت کے لیے یا کسی مشکل وپریشانی سے نجات کے لیے درود خضری سوالاکھ یعنی ایک لاکھ 25 ہزار مرتبہ پڑھنا مجرب ہے سوالاکھ جتنے بھی دنوں میں مکمل ہو لیکن وضو کے ساتھ توجہ، تعظیم، خشوع وخضوع ضروری ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلَّمْ

درود نمبر 53

درود محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ

اہلِ صفا کے نزدیک مقبول تر درود وسلام سلطان محمود غزنوی کا یہ درود ہے۔ جو اس نے اپنے عہد کے علمائے راسخین سے لیا تھا۔ جس کا ایک بار پڑھنا دس ہزار درود کا ثواب رکھتا ہے۔ اور اس کی تصدیق خود عالمِ منام میں حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی۔ صاحبِ روح البیان علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جب ایک مقروض سائل نے آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں استغاثہ پیش کیا تو آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے خواب میں تشریف فرما ہوئے اور ادائیگی

قرض کے لیے رقم لینے کو محمود غزنوی کے پاس بھیجا اور بطور نشانی فرمایا کہ وہ سونے سے پہلے اور بیدار ہونے پر تیس تیس ہزار مرتبہ مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ محمود غزنوی یہ سن کر بہت خوش ہوا اور اس نے سائل کو رقم سے بڑھ کر ایک ہزار درہم پیش کیے۔ مصاحبین نے اس کثرت پر تعجب کیا تو محمود غزنوی نے کہا کہ میں نے علماء سے سنا تھا جو شخص ایک مرتبہ یہ درود پڑھتا ہے دس ہزار درودوں کا ثواب پالیتا ہے۔ آج اس تصدیق پر آنکھیں خوشی سے نم ہیں کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَکَرَّ الْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ اَهْلِ بَیْتِهٖ مِنَّا التَّحِیَّةَ وَالسَّلَامُ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ کَثِیْرًا



درود نمبر 54

درودِ انعام

سیدی شیخ احمد صاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس درود کو پڑھنے سے دنیا کی نعمتوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اس کے ثواب کی کوئی انتہا نہیں۔ اولاد کی نعمت کے حصول کے لیے نماز جمعہ کے بعد 111 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگی جائے۔ 500 مرتبہ چالیس دن تک پڑھ کر جس میت کو ایصال ثواب کیا جائے ان شاء اللہ اس کی قبر جنت کا باغ بن جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ

نور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف پر مشتمل یہ درود پاک کا صیغہ بصارت و بصیرت کے لیے مجرب دعا اور عمدہ درود ہے۔ کمزور آنکھوں پر اس کا دم ان شاء اللہ موثر ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَا زَاغَ بَصَرُہٗ وَمَا طَغٰی وَآلِہٖ

درود نمبر 55

صلوٰۃ البرّ

صاحب دلائل الخیرات شیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ شہر فارس کے ایک گاؤں پہنچے۔ نمازِ ظہر کی ادائیگی کے لیے پانی کی تلاش ہوئی۔ کنواں ملا لیکن رسی اور ڈول موجود نہ تھا۔ آپ محوِ خیال تھے کہ ایک کمسن لڑکی آئی اور اس نے کنویں میں اپنا لعاب ڈالا۔ پانی کناروں سے جوش مارتے ہوئے باہر نکل آیا۔

آپ نے وضو فرمایا اور نماز کی ادائیگی کے بعد اس لڑکے سے اس کرامت کی وجہ پوچھی تو اس لڑکی نے کہا کہ یہ نعمت درود کی برکت سے ملی ہے۔ اس درود کے مبارک کلمات یہ ہیں اور اس واقعہ کے بعد شیخ جزولی نے اپنی زندگی درود پاک کے لیے وقف فرمادی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَائِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
خزینہ رحمت

درود نمبر 56

درودِ سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

اس درود کے متعلق علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر کوئی شخص کسی خاص مہم و مقصد کے حصول کے لیے سات روز تک ہر نماز کے بعد یہ درود 11 مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ اپنی حاجت کو پائے گا۔ (روح البیان۔ 7/181)

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَااِمَامَ الْحَرَمَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَااِمَامَ الْخَافِقَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ الثَّقَلَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ مِنْ فِی الْکَوْنَیْنِ وَشَفِیْعَ مَنْ فِی الدَّارَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ الْقِبْلَتَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ الْمَشْرِقَیْنِ وَضِیَاءِ الْمَغْرِبَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا جَدَّ السِّبْطَیْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلَیْکَ وَعَلٰی عِتْرَتِکَ وَاُسْرَتِکَ وَاَوْلَادِکَ وَاَحْفَارِکَ وَاَزْوَاجِکَ وَاَفْوَاجِکَ وَخُلَفَآئِکَ وَنُقَبَآئِکَ وَنُجَبَآئِکَ وَاَصْحَابِکَ وَاَحْزَابِکَ وَاَتْبَاعِکَ وَاَشْیَاعِکَ سَلَامُ اللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

درود نمبر 57

درود الامی

حضور رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لیے نماز جمعہ کے سلام پھیرنے کے بعد یہ درود 100 مرتبہ اور اسی دن نماز عصر کے بعد 313 مرتبہ پڑھا جائے۔ اس وظیفہ کو شیخ شہاب الدین نے سیدی محمد زینونہ مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے سیدی احمد ترجمان مغربی نے یہ وظیفہ مدینہ منورہ میں پڑھا اور مجرب پایا اور اس کی تصدیق کی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

درود نمبر 58

درود کرم

مفتی مکہ مکرمہ سید احمد دحلان مکی رحمۃ اللہ علیہ نے مجموعہ درود وسلام میں وہ کلمات مقبولہ نقل فرمائے جن کے وسیلہ سے زیارت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کرم ہوتا ہے وہ درود یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ لِاَسْرَارِكَ

وَالدَّالِّ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

درود نمبر 59

درودِ دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

سیدی احمد دحلان مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں اس درود کے متعلق لکھا ہے کہ جو شخص ہر جمعہ کی رات یہ پڑھا کرے خواہ ایک ہی بار ہو اس کی روح پر روحِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثال ظاہر ہوگی۔ موت کے وقت بھی قبر میں داخل ہوتے وقت بھی یہاں تک کہ وہ محسوس کرے گا کہ اسے خود حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبر میں اتار رہے ہیں اور جو شخص ہر رات دس مرتبہ اور جمعہ کی رات سو مرتبہ یہ درود پڑھے ان شاء اللہ خواب میں اسے رحمتِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ



درود نمبر 60

درودِ تاج

عرب و عجم اس درود کی خوشبو سے مہک رہے ہیں۔ عرش و فرش اس درود کے نور میں مستغرق ہیں۔ برکتوں کا بادِ نسیم اس درود کا ہدیہ ہے۔ رحمتوں کی گھٹائیں اس درود کا ثمر ہیں۔ یہ درود تاج ہے۔ اس درود کی برکت سے ولیوں کے سر پر ولایت کا تاج سجایا جاتا ہے۔ درود تاج کی فضیلت بیان کرنے سے قلم عاجز ہے۔ اس درود پاک کو محبت، توجہ و تعظیم کے ساتھ پڑھنے والوں کو بے شمار رحمتیں، برکتیں، نعمتیں، راحتیں نصیب ہوتی ہیں۔

دیدار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے 40 راتیں روز 40 مرتبہ پڑھا جائے بیماری سے شفاء کے لیے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا جائے۔ رزق کی کشادگی کے لیے نماز فجر کے بعد 11 مرتبہ پڑھا جائے۔ ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنا بھی کافی ہے۔ شریر چیزوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ تین مرتبہ پڑھا جائے۔

یہ درود حضرت سید ابو الحسن علی بن عبد اللہ شاذلی رحمتہ اللہ علیہ کی جانب منسوب ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے یہ درود حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں پیش کیا اور قبولیت کے لیے التجا پیش کی کہ اہل ایمان کے لیے ایصال ثواب کی مجالس میں پڑھا جائے آپ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے قبولیت کا شرف حاصل ہوا۔

مشاہدہ: میں خادمِ درود احمد منظور میر االحمدللہ کافی وقت سے معمول ہے کہ میں روزانہ ایک دو یا تین مرتبہ درود تاج قرت میں پڑھا کرتا ہوں۔ لیکن کچھ دنوں سے طبیعت کی خرابی کی وجہ سے اور کچھ اپنی غفلت کی وجہ سے درود تاج نہیں پڑھ رہا تھا۔ تو اس کتاب کے لکھنے کے دوران میری ایک جاننے والی اسلامی بہن جو بہت نیک سیرت ہے اس کا تعلق ملتان کے قریب ہے اسے رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اس نے مجھے کہا کہ: احمد بھائی میں نے دیکھا کہ آپ درود شریف کی کتاب لکھ رہے ہیں حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سامنے کرسی پر جلوہ افروز ہوتے ہیں اور تیری طرف متوجہ ہو کر فرماتے ہیں کہ "احمد کچھ دنوں سے تم نے درود تاج قرت میں نہیں سنایا آج سناؤ وہ بھی قرت میں۔ سبحان اللہ

واللہ اس بات کا کسی کو بھی نہیں پتا کہ میں درود تاج قرت میں پڑھتا ہوں۔ اور اس بات کا تو کسی کو بالکل بھی نہیں پتا تھا کہ میں کچھ دنوں سے درود تاج نہیں پڑھ رہا۔

کسی شاعر نے سچ کہا ہے کہ

جو ہو چکا ہے جو ہو گا حضور جانتے ہیں

یہ بات سن کر خوشی سے میری آنکھیں نم ہو گئیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ

اِسْمُہٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَیِّدِ
الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ
وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ
الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ
وَالْكَرَمِ وَاللّٰهُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ
سَفَرُہٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ
مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ
الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِكِیْنَ
مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِیْنَ سَیِّدِ
الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ
صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ
جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ
مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ یٰاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ
صَلُّوْا عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

درود نمبر 61

درودِ اخلاص

یہ درود حضرت شیخ تقی الدین حنبلی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب ہے یہ ایک عظیم الشان درود ہے۔ اس درود میں اسم اعظم خاصیتیں اور فائدے ہیں اس درود میں عجیب اسرار سمائے ہوئے ہیں۔

جو شخص روزانہ ایک مرتبہ یہ درود پڑھے اس کا شمار ولیوں میں ہوتا ہے یہ درود پاک روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کر کے دعا کی جائے تو ان شاء اللہ چوری وغیرہ کا سامان مل جائے گا۔

جو شخص روزانہ خیر وبرکت کی نیت سے پڑھے اسے خیر وبرکت عطا ہو گی اس کے علاوہ اس درود شریف کے اور بے شمار فائدے ہیں جو پڑھنے والے کو اپنی آنکھوں سے نظر آئیں گے۔ ان شاء اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ الْمَكْتُوْبِ مِنْ نُّوْرِ وَجْهِكَ

الْاَعْلٰى الْمُؤَبَّدِ الدَّآئِمِ الْبَاقِیْ الْمُخَلَّدِ فِیْ قَلْبِ نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ

مُحَمَّدٍ وَاَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ الْوَاحِدِ بِوَحْدَةِ الْمُتَعَالِيْ عَنْ
وَحْدَةِ الْكُمِّ وَالْعَدَدِ الْمُقَدَّسِ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۵ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سِرِّ حَيَاةِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ الْاَعْظَمِ لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ صَلَاةً تُثَبِّتُ فِيْ
قَلْبِيَ الْاِيْمَانَ وَتُحَفِّظُنِي الْقُرْآنَ وَتُفَهِّمُنِيْ مِنْهُ الْاٰيَاتِ وَتَفْتَحُ لِيْ
بِهَا نُوْرَ الْجَنَّاتِ وَنُوْرَ النَّعِيْمِ وَنُوْرَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ
وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ



درود نمبر 62

درودِ نور

اس درود پاک کا ورد کرنے سے دل کا نور ملتا ہے اس لیے اس درود کو درود نور کہا جاتا ہے اس درود پاک کے بے شمار فضائل و فوائد ہیں۔

کتاب "برکات الصلوٰۃ" کے مصنف نے لکھا ہے جو شخص جمعہ کے دن یہ درود ایک مرتبہ بھی پڑھ لے تو عجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے ولی بنا دے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔



درود نمبر 63

درودِ قرآنی

اس درودِ پاک کے الفاظ میں کہا گیا ہے کہ اے اللہ قرآن پاک کے الفاظ کی تعداد کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج اس لیے اس درود کو درود قرآنی کہا جاتا ہے۔ جو شخص قرآن پاک کی تلاوت شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت سات مرتبہ درود قرآنی پڑھے وہ ہمیشہ خوش حال اور پر سکون رہے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِيْ جَمِيْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

درود نمبر 64

6 لاکھ درود شریف کا ثواب

حضرت احمد صاوی رحمۃ اللہ علیہ بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں کہ اس درود کو ایک بار پڑھنے سے 6 لاکھ درودوں کا ثواب ملتا ہے۔ اس درود کو درود سعادت کہا جاتا ہے۔ (حوالہ افضل الصلوٰۃ صفحہ 149)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ

درود نمبر 65

درودِ محمدی ﷺ

یہ درود ہر کام کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ اللہ کے نیک بندوں، عارفوں، عابدوں نے اسے درود اعظم کہا ہے۔ اگر کوئی خوش نصیب شخص روزانہ ایک بار بھی یہ درود پڑھے تو اسے اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ

درود نمبر 66

درود محمد وآل محمد

یہ مختصر مگر جامع درود ہے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 99 نام مبارک ہیں ہر نام کے ساتھ 100 مرتبہ یہ درود پڑھنے کی بے شمار برکتیں ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ

درود نمبر 67

درود مشکل کشا

اس درود کو مشکل کشا اس لیے کہا جاتا ہے کہ کسی بھی بڑے سے بڑی مشکل سے نجات کے لیے سات دن تک کسی بھی نماز کے بعد 1000 مرتبہ یہ درود پڑھا جائے تو اللہ کے کرم سے درود مشکل کشا کی برکت سے اس مشکل سے نجات ملتی ہے۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدِيْ يَا قُرَّةَ عَيْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ بِيَدِيْ قَلَّتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ

درود نمبر 68

درودِ خاص

اس درود کو درود خاص کہا جاتا ہے یہ درود ہے بھی بہت خاص پریشانی، مشکل و غم کو دور کرنے کے لیے اس درود کا ورد کرنا مجرب ہے۔

صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللهِ

درود نمبر 69

درودِ مختصر

اس درود کے الفاظ تھوڑے مگر فضائل وفوائد بے شمار ہیں۔

القول البدیع میں لکھا ہے کہ اسے ایک بار پڑھنے سے رحمت کے ستر دروازے کھل جاتے ہیں۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ 400 مرتبہ پڑھنا چاہیے کسی بھی جائز مقصد کے حصول کے لیے باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ سوالاکھ مرتبہ درود مختصر پڑھنا مجرب ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

درود نمبر 70

درودِ طاہر

یہ درود منہ کی بدبو ختم کرنے کے لیے مجرب دوا ہے۔ شرط یہ ہے کہ اسے ایک ہی سانس میں 11 مرتبہ پڑھا جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الطَّاهِرِ

درود نمبر 71

درودِ فاتح

یہ درود فاتح ایسا درود ہے جس سے ہر بند چیز کھل جاتی ہے ہر کام میں فتح حاصل ہوتی ہے اس لیے اسے درود فاتح کہا جاتا ہے۔

شیخ شمس الدین بن ابو الحسن فرماتے ہیں یہ درود حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معمولات میں تھا اس درود کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو صدیق کا درجہ عطا فرمایا: حضرت شیخ یوسف بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں درود فاتح کرامات کا موتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِىْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
خزینہ رحمت

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

درود نمبر 72

درود اولی العزم

یہ درود لاجواب نسخہ ہے حضرت نبھانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درود چالیس خاص درودوں میں سے ایک ہے۔ سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ درود اولی العزم پڑھنے سے پوری دلائل الخیرات پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآدَمَ وَنُوْحٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ



درود نمبر 73

درودِ حمد

بزرگانِ دین کا فرمان ہے کہ جو شخص چاہے اللہ کی بہترین حمد وثناء بیان کرے تو وہ یہ درود پڑھا کرے اس درود شریف کے بے شمار فضائل وفوائد ہیں۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ

درود نمبر 74

درودِ رحمت

درودِ رحمت بے شمار برکتوں وبھلائیوں کا خزینہ ہے۔ اس درود پاک کا ورد کرنے سے پریشانیاں دور ہوتی ہیں دعائیں منظور ہوتی ہیں۔

کسی بھی خاص مقصد کے لیے 12 دن تک روزانہ 1200 مرتبہ درود رحمت پڑھنا مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ

درود نمبر 75

درودِ نایاب

یہ درود غم سے نجات کا ذریعہ ہے۔ دل کے سکون کا ذریعہ ہے۔ڈپریشن کے مریضوں کے لیے یہ درود بہت فائدہ مند ہے۔ صبح شام ایک ایک مرتبہ پڑھنا ہی کافی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمْ

وَاَذْھِبْ حُزْنَ قَلْبِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ

درود نمبر 76

درودِ اسمِ اعظم

دین و دنیا کی حاجات کے لیے کسی بھی جائز مقصد میں کامیابی کے لیے یہ درود اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔ نمازِ فجر کے بعد 100 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

درود نمبر 77

ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے

ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے اور رزق کی کشادگی کے لیے یہ درود پاک نمازِ فجر اور مغرب کے بعد 41 مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرَقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْآنِ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

درود نمبر 78

درودِ حاجت

کوئی غمزدہ پریشان حال شخص روزانہ 100 مرتبہ باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ یہ درود شریف پڑھے تو بحکم ربی اس کی ساری پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا لَّا یُحْصٰی عَدَدُھُمَا وَلَا یُقْطَعُ مَدَدُھُمَا

درود نمبر 79

درود مستجاب الدعوات

یہ درود اللہ کے رحم و کرم حاصل کرنے کا بڑا وسیلہ ہے۔

جو شخص ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ یہ درود پڑھا کرے وہ عزت، دولت و برکت جیسی نعمتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ

درود نمبر 80

درودِ نجاتِ غم

یہ چھوٹا سا درود غ، دکھ، درد دور کرنے کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے کسی مشکل سے نجات کے لیے، یا کسی حاجت کے حصول کے لیے یہ درود پاک روزانہ باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ 313 مرتبہ پڑھا جائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَاشِفِ الْغُمَّۃِ

درود نمبر 81

درودِ مشاہدہ

دشمن سے صلح مقصود ہو تو ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ یہ درود پڑھا جائے ان شاء اللہ دشمن کی نفرت محبت میں بدل جائے گی وہ خود صلح کے لیے آمادہ ہو گا۔

کسی حاجت کے لیے اتوار کے دن باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ 70 مرتبہ درود مشاہدہ پڑھ کر مالک کائنات سے دعا مانگیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

درود نمبر 82

درودِ نصرت

یہ درود پاک پڑھنے والوں کی ہر لحاظ سے غیبی مدد ہوتی ہے۔ اپنے کاروبار والی جگہ پر روزانہ باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ اگر 11 مرتبہ درود نصرت پڑھا جائے تو کاروبار میں خوب ترقی ملے گی۔ ان شاء اللہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ

وَاَيَّدْتَّهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَالشَّفَاعَةِ

درود نمبر 83

درودِ محبتِ رسول ﷺ

محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دینِ اسلام کی روح ہے۔ جسے محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دولت مل گئی اسے دونوں جہانوں کی کامیابی مل گئی۔

بزرگانِ دین فرماتے ہیں جو شخص باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ یہ درود پڑھا کرے اس کے دل میں محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَمَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ
مصطفٰی جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

درود نمبر 84

درودِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم

یہ درود عاشقانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاص وظیفہ ہے۔ درودِ حبیب پڑھنے سے اللہ کی رحمت برستی ہے۔ بعض بزرگوں کا فرمان ہے کہ اگر کوئی شخص سات سال تک روزانہ 1000 مرتبہ یہ درود پڑھے تو ان شاء اللہ اس کی زبان سیف ہو جائے گی۔ سیف زبان کا مطلب یہ ہے کہ جو لفظ اس کی زبان سے نکلے گا رب کریم کی بارگاہ میں قبول ہو گا۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

وَعَلٰى آلِكَ وَاَصْحٰبِكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ



درود نمبر 85

درودِ دوا

یہ درود ہر درد کی دوا ہے۔ ہر دکھ کی دوا ہے۔ ہر غم و پریشانی کی دوا ہے۔ کسی بھی چھوٹی بڑی بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لیے روزانہ 100 مرتبہ درود دوا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینا مجرب ہے۔

جادو، جنات، نظر بد وغیرہ کے اثرات سے نجات کے لیے 21 دنوں کے اندر درواد دوا سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ وضو، توجہ اور تعظیم شرط ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ



درود نمبر 86

حصول اولاد کے لیے انمول درود

بے اولاد لوگوں کے لیے یہ درود بہت ہی خاص ہے۔

اس درود کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد تازہ وضو کر کے حصولِ اواد کی نیت سے توجہ و تعظیم کے ساتھ یہ تصور کر کے درود پڑھیں کہ میں جو درود پڑھ رہا ہوں حضور رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود میرا درود سماعت فرما رہے ہیں اس طرح روزانہ 100 مرتبہ 21 دن تک یہ درود پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ



درود نمبر 87

کامیابی کے لیے درود

اچانک کوئی مشکل پیش آجائے یا حاجت پیش آجائے یا کسی افسر وغیرہ میں کام پڑ جائے تو وضو کر کے توجہ و تعظیم کے ساتھ سات قدم مدینہ منورہ کی طرف اٹھائیں اور ہر قدم پر ایک مرتبہ یہ درود پڑھیں اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر۔ ان شاء اللہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ملے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ



درود نمبر 88

غیبی مدد کے لیے درود

مشکل سے نجات کے لیے یہ درود پاک باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ 133 مرتبہ پڑھا جائے تو کریم رب فوراً کرم فرمادیتا ہے۔ اپنے غیبی خزانوں میں سے غیبی مدد فرماتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْتَ کَافٍ بِعِبَادِکَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا

درود نمبر 89

دل کے بند وال کھولنے کے لیے درود

کسی کے دل کے وال بند ہوں تو ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ یہ درود پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے ان شاء اللہ دل کے بند وال کھل جائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً مُّنَوِّرَۃً لِّقُلُوْبِ اَصْحَابِ صُدُوْرِ

درود نمبر 90

درودِ طیب

یہ سرح الاثر درود ہے۔ روزانہ 313 مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ 15 شعبان کی رات 100 مرتبہ یہ درود پڑھنے سے بڑے راز کھلتے ہیں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَحْمَدِ

مُجْتَبٰی مُحَمَّدِ مُصْطَفٰی وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ

وَذُرِّیّٰتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ



درود نمبر 91

بیماریوں سے حفاظت کے لیے درود

مہلک و موذی امراض سے محفوظ رہنے کے لیے یہ درود نمازِ فجر کے بعد چار مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ



درود نمبر 92

درودِ کرامت

اس درود کی اتنی برکتیں اور کرامتیں ہیں کہ اسے کہاہی درود کرامت جاتا ہے

یہ درود حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ روزانہ 313 مرتبہ وضہ توجہ و تعظیم کے ساتھ پڑھنے سے بے شمار بھلائیاں اور برکتیں نصیب ہوتی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود نمبر 93

حالات بدل دینے والا درود

یہ درود پاک پڑھنے سے ان شاء اللہ دکھ سکھ میں، پریشانیاں راحت میں، غم تسکین میں، بیماریاں شفامیں بدل جائیں گی۔

یہ درود کسی بھی مقصد کے لیے سات دن تک ہر نماز کے بعد 92 مرتبہ وضو، توجہ و تعظیم کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

یَارَبِّ الْعَالَمِیْنَ صَلِّ عَلٰی رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ

درود نمبر 94

درودِ نگاہِ کریمی

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ کریمی میں رہے۔ خاص نگاہوں اور عطاؤں میں رہے تو وہ رات کو پاک صاف ہو کر توجہ و تعظیم کے ساتھ 92 مرتبہ یہ درود پاک پڑھا کرے۔

اَنَا مُسْتَجِیْرٌ بِكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمْ لِلّٰهِ اَغِثْنِیْ

اَدْرِكْنِیْ اَغِثْنِیْ بِفَضْلِكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمْ

درود نمبر 95

درود اول

یہ درود دین و دنیا کی کامیابیاں دلاتا ہے۔ بیماریوں سے نجات اور تکالیف کو دور کرنے کا ذریعہ ہے۔ یہ درود پڑھنے سے بُری عادتیں چھوٹ جاتی ہیں۔ اگر کوئی شخص باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ کثرت سے درود اول کا ورد کرے تو وہ اللہ کا خاص بندہ بن جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَائِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِیَائِكَ

مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزٰتِ

وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

درود نمبر 96

درودِ تسخیر

تسخیر خلق کے لیے یہ درود انتہائی مجرب ہے نمازِ مغرب کے بعد باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ 1100 مرتبہ 21 دن تک پڑھا جائے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ



درود نمبر 97

غیبی اسباب پیدا کرنے والا درود

یہ چھوٹا سا درود اگر کوئی روزانہ باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کے رزق کے اسباب اللہ تعالیٰ غیب سے فرماتا ہے۔ اس کے ہر کام میں غیبی مدد شامل حال رہتی ہے۔

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَآلِهٖ

درود نمبر 98

درودِ ابدال

امام ابو نعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت نقل کی ہے کہ جو شخص روزانہ دس مرتبہ یہ درود پڑھے گا اس کا نام ابدال میں لکھا جاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ
اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ
اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ

درود نمبر 99

زندگی آسان بنانے والا درود

کسی بھی قسم کی مشکل سے نجات کے لیے یہ درود پاک روزانہ باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو ان شاءاللہ مشکل ٹل جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرٍ وَّآلِهٖ

درود نمبر 100

درودِ کروڑی

یہ بہت ہی نایاب اور بہت پیارا درود ہے۔ اس درود کو سچے دل سے باوضو توجہ اور تعظیم کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک کروڑ درودوں کا ثواب ملتا ہے اس لیے اس کو درود کروڑی کہا جاتا ہے۔

جو شخص روزانہ یہ درود ایک بار پڑھا کرے اسے دین و دنیا کی بے شمار برکتیں اور نعمتیں نصیب ہوتی ہیں۔ اس کی حاجات اللہ کی رحمت اور اس درود پاک کی برکت سے خود بخود پوری ہوتی رہتی ہیں۔

شَمْسُ الضَّحٰی مُحَمَّدٌ | بَدْرُ الدُّجٰی مُحَمَّدٌ
نُوْرُ الْھُدٰی مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

طٰهٰ لَقَبْ مُحَمَّدٌ | اَعْلَی النَّسَبْ مُحَمَّدٌ
فَخْرُ الْعَرَبْ مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

شَاهِ حَرَمْ مُحَمَّدٌ | بَحْرِ كَرَمْ مُحَمَّدٌ
كَهْفِ الْاُمَمْ مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

نُوْرُ الْھُدٰی مُحَمَّدٌ | شَمْسُ الضَّحٰی مُحَمَّدٌ
اَعْلَی الْھُدٰی مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

هَمْ اَشْفَعُ مُحَمَّدٌ | هَمْ اَ كْرَمُ مُحَمَّدٌ
هَمْ اَشْرَفُ مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

خَتَمَ الرُّسُلْ مُحَمَّدٌ | هَادِیْ سُبُلْ مُحَمَّدٌ
مُرْسَلْ جَمَلْ مُحَمَّدٌ | صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

هَمْ مُقْتَدٰی مُحَمَّدٌ | هَمْ مُصْطَفٰی مُحَمَّدٌ

هَمُ مُجتَبٰی مُحَمَّدُ — صَلُّوا عَلٰی مُحَمَّدُ

بَحرِ عطا مُحَمَّدُ — مُشکِل کُشَا مُحَمَّدُ

صَدرِ العُلٰی مُحَمَّدُ — صَلُّوا عَلٰی مُحَمَّدُ

اَفضَلُ نَبِی مُحَمَّدُ — شَافِعْ شَفِیعْ مُحَمَّدُ

مَا اُمَّتِی مُحَمَّدُ — صَلُّوا عَلٰی مُحَمَّدُ

اِسمِ نَبِی مُحَمَّدُ — حَلُّ مُشکِلِ مُحَمَّدُ

فَضلِ رَبِّی مُحَمَّدُ — صَلُّوا عَلٰی مُحَمَّدُ

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

خزینہ رحمت

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

درود نمبر 101

ایک باکمال درود

اس درود کے الفاظ تھوڑے ہیں لیکن برکتیں بے شمار ہیں۔

یہ درود شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی اپنی کتاب جذب القلوب میں لکھا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ جو شخص کثرت سے یہ درود پاک پڑھے اسے دنیاوی نعمتوں کے علاوہ قیامت کے دن حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو گی۔ مسلمانو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا نصیب ہونا ہم گناہ گاروں کے لیے بڑی سعادت کی بات ہے۔ جو شخص نماز فجر کے بعد کچھ دیر تک قرآن مجید کی تلاوت کرے اور پھر باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ یہ درود 1000 مرتبہ پڑھے تو اسے بہت جلد اس درود کے کرشمات و کمالات نظر آنے لگ جائیں گے۔ ان شاء اللہ

وَصَلِّ عَلٰی اِسْمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَاءِ



درود نمبر 102

درودِ حصار

یہ درود پڑھنے والا شخص آفات سے، بلیات سے، مشکلات سے، مصائب سے اور ہر قسم حادثات سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ یہ درود پڑھنے والا شخص اللہ کی رحمت کے حصار میں آجاتا ہے۔ اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے اور اللہ کی رحمت اللہ کے غضب پر غالب ہے۔

اس درود کی پانچ لائنز ہیں ہر ایک لائن کو اس طرح پڑھنا ہے کہ باوضو توجہ اور تعظیم کے ساتھ مدینہ منورہ کی طرف رخ کرکے ایک ایک لائن کو 20 مرتبہ پڑھنا ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَءُوْفٌ رَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ

درود نمبر 103

درود بحر الکمال

اس درود جو بحر الکمال کہا جاتا ہے۔ یہ درود کمالات کا بحر ہے۔

حصول رحمت اور برکت کے لیے یہ درود ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا جائے۔ سکونِ قلبی وذہنی کے لیے یہ درود روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا جائے۔ جو شخص روزانہ نماز فجر کے بعد سات مرتبہ پڑھے وہ سارا دن اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔ کسی بڑی مشکل یا پریشانی سے نجات کے لیے کچھ لوگ مل بیٹھ کر 1000 مرتبہ یہ درود پڑھیں ان شاء اللہ مشکل ٹل جائے گی پریشانی دور ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اَوَّلِ تَجَلِّیَاتِكَ مِنْ حُسْنِكَ الْاَزَلِ وَاَوَّلِ تَعَیُّنَاتِكَ

الْمُعَظَّمِ وَمَظْهَرِكَ الْاَتَمِّ وَكَنْزِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ

وَالْكُرَبُ وَتُقْضٰی بِهِ الْحَوَائِجُ وَیُسْئَلُ بِوَجْهِهِ الْكَرِیْمِ حُسْنُ

الْخَوَاتِیْمِ وَتَكْشَفُ بِاَنْوَارِهِ الظُّلُمَاتِ بِدُوْنِ صَعُوْبَةٍ وَعَلٰی آلِهٖ

وَصَحْبِهٖ فِیْ كُلِّ حِیْنَ وَآنٍ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ وَجُوْدِهٖ وَنَوَالِهٖ

عُلُوْمِهٖ وَقَدْرِهٖ وَتَصْرِيْفِهٖ جُمْلَةً بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا اَللّٰهُ

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ بِذَاتِكَ الْقُدْسِيَّةِ وَصِفَاتِكَ

الرَّبَّانِيَّةِ اِلٰى رَبِّىْ فِىْ حَاجَتِىْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِىْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِىَّ

درود نمبر 104

درودِ کریم

یہ باکمال درود اگر کوئی نمازِ فجر یا عشاء کے بعد باوضو انتہائی توجہ و تعظیم کے ساتھ مراقبہ میں بیٹھ کر 300 مرتبہ پڑھے تو اسے محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملتی ہے اور ان شاء اللہ دیدارِ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سعادت بھی نصیب ہوگی۔ اور اس درود پڑھنے والے کو دین و دنیا کی بے شمار برکتیں نصیب ہوتی ہیں۔

سَيِّدِنَا كَرِيْمٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ



درود نمبر 105

ایک ہزار رکعت نفل کے ثواب والا درود

اس درود کے بارے میں بزرگان دین کا فرمان ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد دس مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اسے ایک ہزار رکعت نفل نماز کا ثواب ملتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ رُوْحَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَرْوَاحَ آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مِّنِّیْ اَلْفَ صَلٰوۃٍ وَّسَلَامٍ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ



درود نمبر 106

درودِ نسبت

لوگ نسبتوں سے معتبر بنتے ہیں۔ یقین مانیں نسبتِ رسول سے بڑھ کر کوئی نسبت نہیں۔

رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت دین و دنیا میں فلاح اور کامیابی کی دلیل ہے یہ درود پڑھنے والے کا نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باطنی روحانی تعلق قائم ہو جاتا ہے۔ اس درود کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پاکیزہ لباس پہن کر ایک جگہ مقرر کر کے روزانہ اسی جگہ پر باوضو باادب بیٹھ کر توجہ و تعظیم کے ساتھ 1000 مرتبہ یہ درود پاک چار ماہ تک پڑھا جائے۔ تو رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت قائم ہو جاتی ہے سچے خوابوں اور اشاروں کے ذریعہ رہنمائی حاصل ہوتی رہتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِلٰى جَنَابِ رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ نَنْتَسِبُ

فَلَا تُبْعِدْنَا وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا

درود نمبر 107

دشمن کے شر سے حفاظت

دشمن کے شر اور اس کے وار سے محفوظ رہنے کے لیے یہ درود کثرت سے پڑھا جائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

درود نمبر 108

درودِ حاجت

کسی بھی جائز حاجت کے لیے نماز ظہر کے بعد باوضو توجہ و تعظیم کے ساتھ یہ درود پاک 313 مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ اِنِّیْ مُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِکَ وَ رَسُوْلِکَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

درود نمبر 109

حج کے ثواب والا درود

حضرت مخدوم جہانیاں سید جلال بخاری نے لکھا ہے جو مومن یہ درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس بندے کے اعمال نامہ میں حج کا ثواب لکھے گا۔ اور وہ شخص دنیا میں بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مُحَمَّدِنِ الْعَرَبِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مُحَمَّدِنِ الْقَرَشِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مُحَمَّدِنِ الْمَکِّیُّ

